No. of Printed Pages : **6**

# 6816

Register Number | | | | | | |

# Language — Part I — URDU — Paper II

(Grammar and Non-Detailed)

Time Allowed : 2½ Hours ] [ Maximum Marks : 100

**ہدایات :** (1) صاف چھپائی کے لیے سوالی پرچے کی جانچ کر لیجئے۔ اگر صفائی میں نقص ہو تو ہال کے نگران کو فوراً اس کی اطلاع دیں۔

(2) نیلی یا سیاہ روشنائی کا استعمال لکھنے اور خط کشید کرنے کے لیے اور ڈائی گرام اتارنے کے لیے پنسل کا استعمال کیجئے۔

## حصہ اوّل

**I.** ذیل کے سوالوں میں سے کسی پانچ (5) کے جواب لکھیں۔ **5x1=5**

**1.** اُردو میں کن کن زبانوں کے الفاظ شامل ہیں ؟

**2.** حرف تہجی کی تعریف کیجئے۔

**3.** علامت مصدر کی تعریف کریں۔

**4.** لف ونشر مرتب اور لف ونشر غیر مرتب میں کیا فرق ہے ؟

**5.** تلمیح کسے کہتے ہیں ؟ مثال دیجئے۔

**6.** جملے کی تعریف کریں۔

**7.** ''احمد نہیں آیا'' یہ جملے کی کون سی قسم ہے ؟

**II.** ذیل کے تمام سوالات لازمی ہیں۔ **5x1=5**

**8.** زمانے کے لحاظ سے فعل کی کتنی قسمیں ہیں ؟

**9.** حرف ندا سے کیا مراد ہے ؟

[ Turn over

10. حرف علت کا نام کیوں پڑا ؟

11. ضمیر متکلم کس کو کہتے ہیں ؟

12. ''پیش'' ۔جس حرف پر یہ نشانی لگی ہوتی ہے،اسے کیا کہتے ہیں ؟

III. ذیل کے تمام سوالات لازمی ہیں۔ 3x2=6

13. حسن تعلیل کی تعریف کیجئے۔

14. مفرد جملے کی ایک مثال پیش کیجئے۔

15. اس جملے کی تحلیل صرفی کیجئے : احمد روٹی کھا رہا ہے۔

IV. ذیل کے تمام سوالات لازمی ہیں۔ 20x1=20

16. معنوی لحاظ سے جملے کی کتنی قسمیں ہیں ؟

17. عرف کس کو کہتے ہیں ؟

18. 'میاوں! میاؤں!' 'ٹن ٹن' ۔اسم خاس کی کون سی قسم ہے ؟

19. چار مشدد الفاظ لکھئے۔

20. اردو میں خاس عربی الفاظ کون سے ہیں ؟

21. ایسا الف جسے کھینچ کر نہ پڑھا جائے، وہ کیا کہلاتا ہے ؟

22. وہ لفظ جو بے معنی ہو، کیا کہلاتا ہے ؟

23. وہ فعل جس میں کام کرنے سے روکنے کا حکم ہو وہ کونسا فعل ہے ؟

24. اسم، فعل اور حرف کی تعریف کیجئے۔

25. 'آتا ہے' 'دیکھ رہا ہے' کون سے فعل ہیں ؟

26. الف ممدودہ اور الف مقصورہ کا فرق بتائیے۔

27. اسم خاص کس کو کہتے ہیں ؟

28. جس حرف پر زبر کا نشان ہوتا ہے، اس نشان کو کیا کہتے ہیں ؟

29. متحرک حروف کس کو کہتے ہیں ؟

30. علم صرف کس کو کہتے ہیں ؟

31. حروف شرط یعنی جو، جب، اگر سے تین جملے بنائیے۔

32. حرف عطف سے کیا مراد ہے ؟

33. وہ کون سی صفت ہے جس میں شاعر اپنے کلام میں ایسے الفاظ کا استعمال کرتے ہیں جو ایک دوسرے کی ضد ہیں ؟

34. جامد کس کو کہتے ہیں ؟

35. کسرہ کس کو کہتے ہیں ؟

## حصہ دوم

V. ذیل میں سے کسی دس سوالوں کے مختصر جواب لکھیں۔ 10x2=20

36. جھوری کے دونوں بیل کے نام کیا تھے ؟ اور وہ دونوں کیسے تھے ؟

37. سلام بھائی کیوں کو پن جمع کرتے تھے ؟

38. کلہن کون تھا ؟

39. سماج نے مایا کو کن باتوں پر روک لگایا تھا ؟

40. بھولا کی گمشدگی پر مایا کی کیا حالت ہوئی ؟

41. اڈو کو مولوی صاحب نے کیا سکھایا تھا ؟

42. مسافر نے جاتے وقت کیا دعا دی ؟

43. مسافر کہاں جا رہا تھا ؟

44. کیا عابد کو سچ مچ بخار تھا ؟

45. خوش خبری سن کر نجوم نے کیا کیا ؟

46. نجوم کا کیا انجام ہوا ؟

47. زہرہ بیگم کی کتنی لڑکیاں تھیں وہ ان کے ناز کس طرح اٹھاتی تھیں ؟

48. کیا کئی بچے مل کر ایک ماں کی نگہداشت کر سکتے ہیں ؟

49. ضرورت سے زیادہ مال کا کیا کرنا چاہئے ؟

## حصہ سوم

VI. ذیل کے ضرب المثال کی وضاحت کریں : 5x1=5

50. اپنی گلی میں کتا بھی شیر ہوتا ہے

51. تالی ایک ہاتھ سے نہیں بجتی

52. حرکت میں برکت ہے

53. رسی جل گئی پر بل نہ گیا

54. لکھے موسیٰ پڑھے عیسیٰ

VII. ذیل کے محاوروں کا محل استعمال بتائیں ۔ 5x1=5

55. آب آب ہونا

56. پھولے نہ سمانا

57. جنگل میں منگل ہونا

58. چھاتی پر سانپ لوٹنا

59. رنگ رلیاں کرنا

VIII. ذیل کی نظم کو غور سے پڑھیں اور اس کے نیچے دیئے گئے سوالوں کے مختصر جواب لکھیں۔ 5x2=10

اس دیس کی شہرت ہر سو ہے
یہ میرے وطن کی خوشبو ہے
ہندو اور مسلم ایک یہاں
یہ رشتہ بھائی جیسا ہے
یہاں عید دیوالی ساتھ چلے
مسجد کے ساتھ کلیسا ہے
یہ دیس ہے گنگا جمنا کا
اس دیس کی مٹی سونا ہے

سوالات :

60. میرے وطن کی خوشبو سے مراد کونسا ملک ہے ؟

61. دیس میں کون کون سے مذہب والے رہتے ہیں ؟

62. ہندو مسلم آپس میں کیسا رشتہ رکھتے ہیں ؟

63. یہاں کون سی عیدیں منائی جاتی ہیں ؟

64. ہمارے دیس کی مٹی کیسی ہے ؟

**IX.** ذیل میں سے کوئی ایک خط تحریر کریں : **1x10=10**

**65.** چھٹی کی درخواست کرتے ہوئے اپنے کلاس ٹیچر کو ایک خط لکھیں۔

**یا**

فیس کی معافی کی درخواست کرتے ہوئے اپنے میر مدرس کے نام ایک خط لکھیں۔

**X.** **66.** ذیل کے کسی ایک کہانی کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیں : **1x10=10**

(i) '' مسافر کی دعا '' کا خلاصہ لکھیے۔

(ii) افسانہ ''بھولا '' کا مرکزی خیال واضح کیجئے۔

(iii) نجوم کے زمین خریدنے کے واقعات تفصیل کے ساتھ لکھیے۔

(iv) ''کوپن'' کا خلاصہ لکھیے۔

**XI.** **67.** ذیل کی انگریزی عبارت کا اردو میں ترجمہ کریں۔ **1x4=4**

The world where we live is full of pollution. The seas are polluted. The air is polluted the land is polluted the whole environment is polluted causing lung diseases.

- o O o -